# تبصرے

**فتاویٰ دار العلوم دیوبند** : مرتبہ مولانا محمد ظفیر الدین : تقطیع متوسط، کتابت و طباعت بہتر ضخامت جلد اوّل ۳۴۷ صفحات، ضخامت جلد ثانی ۲۶۸ صفحات، قیمت غیر مجلّد علی الترتیب 5/50 اور 4/25 پتہ : جناب مہتمم صاحب دار العلوم دیوبند ضلع سہارن پور،

حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی نور اللہ مرقدہٗ غیر منقسم ہندوستان کے اُن اکابر مشائخ و علماء میں سے تھے جنھوں نے اپنے انفاسِ قدسیہ سے ہزاروں انسانوں کے دل میں یقین و معرفتِ ربانی کی شمع روشن کی، اور لاکھوں مسلمانوں کو اصل احکامِ شرعیہ بتا کر اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنے کا طریقہ بتایا۔ حضرت ممدوح ایک بلند پایہ عارف باللہ اور نامور شیخِ طریقت ہونے کے علاوہ دار العلوم دیوبند کے مفتیِ اعظم بھی تھے اور آپ نے چالیس برس مسلسل یہ اہم خدمت اس شان سے انجام دی ہے کہ پورے ملک میں اس کی نظیر نہیں مل سکتی، تفقہ اور مسائل میں دقت و وسعتِ نظر کا یہ عالم تھا کہ بڑے سے بڑا پیچیدہ مسئلہ آپ کے سامنے آتا اور آپ باتیں کرتے کرتے چند لفظوں میں اس کا تشفی بخش اور قطعی جواب دے دیتے تھے، دار العلوم دیوبند کی مرکزیت اور حضرت مفتی صاحب کی عظیم شخصیت کو سامنے رکھ کر سوچئے اس چالیس برس کی مدت میں اسلام کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے تعلق رکھنے والا کون سا ایسا جزیہ اور مسئلہ ہوگا جو حضرت مفتی صاحب سے نہ پوچھا گیا اور آپنے اُس کا جواب نہ دیا ہوگا۔ چنانچہ حضرت کے قلم سے نکلے ہوئے کم و بیش چالیس ہزار فتاویٰ ضخیم مجلدات کی شکل میں مدرسہ کے دار الافتاء میں محفوظ تھے اور ان سے استفادۂ عام کی کوئی صورت نہ تھی، بڑی خوشی کی بات ہے کہ آخر مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم کی تحریک و تجویز سے مدرسہ کی مجلسِ شوریٰ نے اس اہم کام کو انجام دینے کا بیڑا اُٹھایا اور مولانا محمد ظفیر الدین کو اس کا ذمہ دار قرار دیا، اب تک اس سلسلہ کی دو جلدیں شائع ہو چکی ہیں جن میں سے جلد اوّل کتاب الطہارۃ پر اور جلد دوم کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے، ترتیب بالکل کتب فقہ کے طرز پر ہے، یعنی پہلے کتاب